StudentBounty.com

Roll No. [ ][ ][ ][ ][ ][ ]  Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________  Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو سلیس ۔ ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کل نمبر:20)

وقت:25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) حمد کسے کہتے ہیں؟
الف۔ اللہ کی تعریف ب۔ رسولؐ کی تعریف ج۔ اہل بیت کی تعریف د۔ کسی شخص کی تعریف

(ii) آنحضرت ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کتنے دن تک غارِ ثور میں رہے؟
الف۔ دو دن ب۔ تین دن ج۔ چار دن د۔ سات دن

(iii) مہاجر کسے کہتے ہیں؟
الف۔ وطن میں رہنے والا ب۔ شہر میں رہنے والا ج۔ گاؤں میں رہنے والا د۔ وطن چھوڑ کر دوسرے ملک میں بسنے والا

(iv) بابائے اُردو کسے کہتے ہیں؟
الف۔ مولوی عبدالحق ب۔ علامہ اقبالؒ ج۔ سر سیّد احمد خاں د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(v) ایران کے لوگ کیسے ہیں؟
الف۔ درختوں کے کیڑے ب۔ پتوں کے کیڑے ج۔ مٹی کے کیڑے د۔ برف کے کیڑے

(vi) سیّد احمد شہیدؒ ہندوستان کے کس شہر میں پیدا ہوئے؟
الف۔ بریلی ب۔ دلّی ج۔ آگرہ د۔ لکھنؤ

(vii) سبق ''اسلامی حکومت کا امیر سب کا خادم ہوتا ہے'' کس شخصیت کے بارے میں ہے؟
الف۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ ب۔ حضرت عمر فاروقؓ ج۔ حضرت عثمان غنیؓ د۔ حضرت علی مرتضیٰؓ

(viii) نظم ''حُبِ وطن'' کس شاعر نے لکھی ہے؟
الف۔ علامہ اقبالؒ ب۔ مولانا حالؔی ج۔ نظیر اکبر آبادی د۔ محمد اسماعیل میرٹھی

(ix) سبق ''حجِ اکبر'' کس صنفِ نثر میں لکھا گیا ہے؟
الف۔ ڈراما ب۔ افسانہ ج۔ ناول د۔ مضمون

(x) مولوی وحیدالدین سلیم کس زبان کے لیے بنے تھے؟
الف۔ فارسی کے لیے ب۔ اردو کے لیے ج۔ انگریزی کے لیے د۔ عربی کے لیے

(xi) اردو زبان بولنے اور سمجھنے والوں کی تعداد کم و بیش کتنی ہے؟
الف۔ 10 کروڑ ب۔ 20 کروڑ ج۔ 30 کروڑ د۔ 45 کروڑ

(xii) احمد علی کس شاعر کا اصلی نام تھا؟
الف۔ شوق قدوائی ب۔ اسماعیل میرٹھی ج۔ نظیر اکبر آبادی د۔ عبدالماجد دریا آبادی

(xiii) مولانا محمد علی جوہر کہاں دفن ہیں؟
الف۔ پاکستان ب۔ سرزمین قدس ج۔ ہندوستان د۔ ایران

(xiv) مولانا محمد علی جوہر کس اسلامی مہینے میں فوت ہوئے؟
الف۔ شعبان ب۔ رمضان ج۔ شوال د۔ محرم

(xv) ''اردو کی آخری کتاب'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
الف۔ مولوی عبدالحق ب۔ سر سیّد احمد خاں ج۔ پطرس بخاری د۔ مرزا فرحت اللہ بیگ

(xvi) نصیر کس طرح صحت مند ہوا؟
الف۔ حلوہ کھانے سے ب۔ ڈاکٹروں کے علاج سے ج۔ امرت پلانے سے د۔ انا کے آنے سے

(xvii) چار مصرعے والی نظم کیا کہلاتی ہے؟
الف۔ بیت ب۔ رباعی ج۔ مسدّس د۔ مخمس

(xviii) سلطان اصفہانی نے کس کی شادی شہنشاہ اکبر سے کی؟
الف۔ اپنی بہن ب۔ اپنی بیٹی ج۔ اپنی بھتیجی د۔ اپنی بھانجی

(xix) سلطنت عباسیہ کے زمانے میں خلیفہ معتصم باللہ نے کتنے لاکھ فوج کے ساتھ عموریہ پر چڑھائی کی؟
الف۔ ایک لاکھ ب۔ دو لاکھ ج۔ تین لاکھ د۔ چار لاکھ

(xx) ''صدیقؓ کے لیے ہے خدا کا رسول بس'' یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟
الف۔ حفیظ جالندھری ب۔ علامہ اقبالؒ ج۔ مولانا حالؔی د۔ نظیر اکبر آبادی

---

برائے ممتحن : کُل نمبر: [20] حاصل کردہ نمبر: [ ]

StudentBounty.com
2011

# اُردو سلیس - ایچ ایس ایس سی-I

2:35 گھنٹے

کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ "دوم" اور "سوم" کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 20)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) شامل نصاب "حمد" میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کن نعمتوں اور صفات کا ذکر کیا ہے؟

(ii) اردو زبان کی ابتداء کب اور کیونکر ہوئی؟

(یا)

حرف اضافت کی تعریف کیجیے۔ نیز ایک مثال کی مدد سے وضاحت بھی کیجیے۔

(iii) درج ذیل میں سے کوئی چار الفاظ و محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ مطلب واضح ہو جائے:

| | | |
|---|---|---|
| آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا | بڑے بڑے ڈگ بھرنا | تکمیل کا سہرا |
| ترکش | برہم ہونا | آگ بگولا ہونا |

(iv) الفاظ کے متضاد لکھیں: سچا ، دن ، غرب ، گدا

(v) میر معصوم شاہ نے کہاں تعلیم پائی؟

## حصہ سوم (کُل نمبر 60)

سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ "دو ٹکے کا آدمی ہم کو نصیحت کرنے نکلا ہے۔ تو کون ہوتا ہے ہم کو نصیحت کرنے والا؟ سیر و شکار سب کرتے ہیں، ہم نے کیا تو کون سا گناہ کیا؟" فقیر بولا "صاحب عالم! ناراض نہ ہوں۔ شکار ایسے جانوروں کا کرنا چاہیے کہ ایک جان جائے تو دس پانچ جانوں کا پیٹ تو بھرے۔ ان ننھی چڑیوں کے مارنے سے کیا نتیجہ۔ بیس مارو گے تب بھی ایک آدمی کا شکم سیر نہ ہوگا"۔

ب۔ شہد کی مکھیوں کی زندگی کا مطالعہ کرو۔ شہد کا چھتا اُن کا وطن ہے۔ اس میں وہ ایک قوم بن کر رہتی ہیں۔ اپنے وطن کو محنت سے بناتی اور سنوارتی ہیں۔ بڑی تن دہی سے بچوں کی پرورش کرتی ہیں۔ بہت سلیقے سے اپنے اپنے ذمّے کے کام کو انجام دیتی ہیں اور جب کوئی اُن کے وطن پر دست درازی کرتا ہے تو سب مل کر پوری طاقت سے اس کا مقابلہ کرتی ہیں۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔
ذات کا فخر اور نسب کا غرور
اٹھ گئے اب جہاں سے یہ دستور
قوم کی عزت اب ہنر سے ہے
علم سے یا کہ سیم و زر سے ہے

ب۔
ظلم و ستم مٹانے کو تلوار اٹھائی تھی
دنیا کے امن کے لیے تیغ آزمائی تھی
یہ آرزو تھی دین کا جھنڈا بلند ہو
دنیا میں اُس کی قوم سدا ارجمند ہو

سوال نمبر۵: اپنے والد کو خط لکھ کر امتحان میں ناکامی کی وجوہات سے آگاہ کریں۔ (9)

(یا)

اپنے دوست کو خط میں مفصل بتائیے کہ آپ اپنے فراغت کے اوقات کیسے بسر کرتے ہیں۔

سوال نمبر۶: اپنی کتاب سے زبانی یاد پانچ اشعار لکھیں۔ اس پرچے میں دیے ہوئے اشعار نہ ہوں۔ (5)

سوال نمبر۷: نوجوانوں کی بے راہ روی پر دو خواتین کے درمیان مکالمہ لکھیں۔ (5)

سوال نمبر۸: مندرجہ ذیل میں سے ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) نبی کریم ﷺ کی ہجرت
(ii) سب سے بڑا اسلامی شاعر

سوال نمبر۹: ذیل میں دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) انٹرنیٹ — فوائد و نقصانات
(ii) وقت — ایک نعمت
(iii) صوبہ پرستی کے نقصانات
(iv) دہشت گردی کے عوامل اور ان کا سدِ باب